## سوال

سترہ کی حد

## جواب

حدیث میں آتا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے کعبہ میں نماز پڑھی تو کعبہ اور آپؐ کے درمیان تین ہاتھ کا فاصلہ تھا۔ (مسند احمد: 6 13) حضرت سہل بن سعدؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ دیوار قبلہ کے درمیان ایک بکری گزرنے کا فاصلہ تھا۔ ان روایات میں سترے اور نمازی کے درمیان فاصلہ کا پتہ چلتا ہے کہ زیادہ سے زیادہ تین ہاتھ ہونا چاہیے باقی رہی بات سترہ کے بغیر گزرنے کی تو اس میں اگر سترہ نہ ہو تو گزرنے سے مطلق منع کیا گیا ہے لہٰذا اجازت صرف سترہ ہونے کی صورت میں ہے اور اگر نہ ہو تو گزرنے سے مطلق منع ہے فاصلے کی کوئی تحدید نہیں کی گئی۔ دیکھئے (صحیح مسلم :499)

**محدث فتویٰ کمیٹی**

دارالافتاء محدث